Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

مسلم لیگ نواز کے عدالت سے سزا یافتہ بھگوڑے قائد کی پس پردہ سمجھوتے کے تحت واپسی اور قانون و انصاف کا قتل

پاکستان تحریک انصاف نے نون لیگ بھگوڑے قائد کی وطن واپسی کے اعلانات کو ملکی نظامِ انصاف کیلئے ایک بڑا امتحان قرار دے دیا۔ نواز شریف کی جیل سے لندن رخصتی تک کے تمام مراحل کی تفصیلات قوم کے ذہنوں میں تازہ ہیں، عدالتوں سے سزا یافتہ بزدل اور جھوٹا شخص پلیٹ لیٹس گرنے کا ذلّت آمیز بہانہ بناتے ہوئے انسانی ہمدردی کی آڑ لیکر 4 ہفتوں کیلئے لندن گیا،

اس جھوٹے، بزدل اور کرپٹ شخص کی علاج کے بعد 4 ہفتوں میں وطن واپسی کی ضمانت اسی کے چھوٹے بھائی مگر بڑے فراڈیے نے دی، ترجمان تحریک انصاف۔ کم و بیش چار سال تک یہ جیب تراش چوری کے پیسے سے خریدے گئے لندن کے انہی فلیٹس میں چھپا رہا جن کی رسیدیں عدالت نے اس سے طلب کیں، ترجمان تحریک انصاف

ایون فیلڈ کے ان اپارٹمنس میں بیٹھ کر یہ مجرم ملک دشمن ایجنسیوں سے ملتا اور ریاستی اداروں کیخلاف عالمی رائے عامہ ہموار کرنے کے منصوبے چلاتا رہا، ترجمان تحریک انصاف

ان چار سالوں میں قوم نے اس بے شرم کو لندن کے مہنگے ریستورانوں میں کھابے اڑاتے اور لال پیلی پتلونوں میں ”واک آف شیم“ کرتے تو دیکھا مگر علاج معالجے کا ذکر تک نہ ہوا، ترجمان تحریک انصاف

آج بند کمروں میں رچائی گئی سازشوں اور بدنامِ زمانہ لندن منصوبے کے تحت اس کی وطن واپسی کیلئے قانون و انصاف کو موت کے گھاٹ اتار اجا رہا ہے، ترجمان تحریک انصاف۔ عدالت سے سزا یافتہ مجرم کیلئے خلافِ قانون عدالتی ریلیف کا بندوبست خود عدلیہ کیلئے شرم اور ذلّت کا مقام ہے، ت

قوم عدلیہ کی حرکات و سکنات پر گہری نگاہ رکھے ہوئے ہے، مجرم کو خلافِ قانون عدالتی پناہ دیے جانے کو کسی صورت قبول نہیں کرے گی، غیر جمہوری، غیر آئینی اور غیر سیاسی منصوبہ سازوں کی ایماء پر مجرم کو دی جانے عدالتی پناہ عدلیہ کی تیزی سے گرتی ساکھ اور حیثیت کو خاک میں ملا دے گی، بطور سربراہ چیف جسٹس اپنے ماتحت عدالتوں کے معاملات پر نظر رکھیں اور عدلیہ کے وجود اور تشخص کیخلاف ریاست کے اندر سے ہونے والے اقدامات کے انسداد کی بروقت تدبیر کریں،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ